## صدر جنرل پرویز مشرف پر قاتلانہ حملے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

## لال مسجد کی انتظامیہ سے جناب الطاف حسین کی اپیل کہ وہ مدرسہ حفصہ میں مقید معصوم بچوں اور خواتین کو آزاد کریں۔

لندن۔ 6 جولائی 2007ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر جنرل پرویز مشرف کے جہاز پر راولپنڈی کے ایک مکان سے راکٹ فائر کرنے کے عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ صدر پرویز مشرف اس قاتلانہ حملے میں بھی محفوظ رہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی دہشت گردی کے واقعات کا عمل کرنے والے کسی طرح بھی پاکستانی کہلانے کے مستحق ہو سکتے ہیں اور نہ ہی وہ اسلام اور نہ ہی انسانیت پر یقین رکھنے والے ہیں۔ لہٰذا ہر پاکستانی کو اس گھاؤنے عمل کی شدید مذمت کرنی چاہیئے۔ دریں اثناء جناب الطاف حسین نے لال مسجد کی انتظامیہ کے ذمہ داران سے انسانیت کے نام پر، اللہ اور رسولؐ کا واسطہ دے کر اپیل کی ہے کہ وہ خدارا مدرسہ حفصہ میں مقید معصوم بچوں اور خواتین کو آزاد کردیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے حکامات اور نبی آخر ازماں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات یہی ہیں کہ دوران جنگ بھی بزرگوں، معصوم بچوں اور خواتین کو کسی قسم کا نہ تو نقصان پہنچایا جائے نہ ہی ان پر کسی قسم کا جبر کر کے انہیں قید کیا جائے یا اپنے ذاتی مفاد کیلئے انہیں بطور ایندھن یا ڈھال بنا کر استعمال کیا جائے۔

## ایم کیوایم امریکہ کا 12 واں سالانہ کنونشن ڈیلاس میں 13 جولائی سے شروع ہوگا

## کنونشن تین روز تک جاری رہے گا جس کے دوران سیمینار، ورکشاپ، مذاکرے اور تربیتی نشستیں منعقد کی جائیں گی

ڈیلاس۔۔۔6، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ امریکہ کا 12 واں سالانہ کنونشن ریاست ٹیکساس کے شہر ڈیلاس میں مورخہ 13 جولائی سے شروع ہوگا جس کی تیاریاں حتمی مراحل میں داخل ہوگئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم امریکہ کا 12 واں سالانہ کنونشن مورخہ 13 جولائی سے 15 جولائی 2007ء تک ڈیلاس میں واقع ہولی ڈے ان ہوٹل میں منعقد کیا جائے گا۔ سالانہ کنونشن کے موقع پر سیمینار، ورکشاپ، مذاکرے اور کارکنان کی تربیتی نشستیں منعقد کی جائیں گی۔ سالانہ کنونشن میں ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور امریکہ کی مختلف ریاستوں میں مقیم ہمدرد عوام بھی شرکت کریں گے۔ سالانہ کنونشن کے سلسلے میں ایم کیوایم امریکہ یونٹ کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان اور امریکہ کے مختلف یونٹوں کے ذمہ داران کی ٹیلی فونک میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ میں ایم کیوایم امریکہ کے آرگنائزر اعجاز صدیقی، جوائنٹ انچارج فرحت خان اور آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ میٹنگ میں جوائنٹ آرگنائزر فرحت خان نے بتایا کہ سالانہ کنونشن میں ایم کیوایم امریکہ کے 18 یونٹوں کے ذمہ داران اپنے اپنے یونٹوں کی سالانہ رپورٹ کے ہمراہ کنونشن میں شرکت کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ کنونشن مورخہ 13 جولائی سے 15 جولائی تک جاری رہے گا اور سالانہ کنونشن کے موقع پر سیمینار، ورکشاپ، مذاکرے اور کارکنان کی تربیتی نشستیں منعقد کی جائیں گی۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ ایم کیوایم امریکہ کی جانب سے سالانہ کنونشن کی تیاریاں حتمی مراحل میں داخل ہوگئی ہیں۔ دریں اثناء میٹنگ میں ایم کیوایم سان فرانسسکو یونٹ کے افتتاح پر تمام ذمہ داران و کارکنان کو مبارکباد پیش کی گئی۔

## رابطہ کمیٹی کا بدین زون کے کارکن سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6 جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بدین زون یونٹ پنگریو کے یونٹ انچارج محمد شریف زنجیگو کے والد مصری زنجیگو کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

## گڈاپ ٹاؤن کے علاقے کاٹھوراور سائٹ کے علاقے جہان آباد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے میڈیکل کیمپ کا قیام

کراچی۔۔۔6جولائی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اورایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے تحت گڈاپ ٹاؤن کے علاقے کاٹھور میں بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کو وبائی امراض سے تحفظ اورانہیں علاج ومعالجے کی سہولیات کی فراہمی کیلئے مفت طبی امدادی کیمپ قائم کردیا گیا ہے۔طبی امدادی کیمپ کے قیام کے پہلے روز میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے مختلف مراض میں مبتلا300 سے زائد مریضوں کوعلاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کیں۔دریں اثناءحق پرست صوبائی وزیرشبیرقائم خانی نے طوفانی بارشوں سے متاثرہ علاقے کاٹھور میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے طبی امدادی کیمپ کا دورہ کیااور مریضوں کوفراہم کی جانے والی علاج ومعالجے کی سہولیات کا جائزہ لیا۔اس موقع پرایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج عبدالخالق بلوچ اور کمیٹی کے دیگرارکان بھی ان کے ہمراہ تھے۔صوبائی وزیرشبیرقائم خانی نے دکھی انسانیت کی بےلوث خدمت پرایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کوقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیااورمتاثرین کوفراہم کی جانے والی طبی امداد پراطمینان کا اظہار کیا۔اسی طرح طوفانی بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کوعلاج ومعالجے کی سہولیات کی فراہمی کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سائٹ ٹاؤن کے علاقے جہان آباد میں مفت طبی امدادی کیمپ قائم کیا گیا ہے جہاں ایم کیوایم کی میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے مختلف امراض میں مبتلا مریضوں کا معائنہ کیااورانہیں ادویات فراہم کیں۔دریں اثناءایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین نے جہان آباد میں قائم میڈیکل کیمپ کا دورہ کیااور مریضوں کوفراہم کی جانے والی طبی امداد کا جائزہ لیا۔

## بلوچستان میں سیلاب کے متاثرین کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے
## غذائی اجناس اور دیگرامدادی اشیاء پرمشتمل ٹرک اوستہ محمد روانہ کردیا گیا

کراچی۔۔۔6جولائی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بلوچستان میں سیلاب اورطوفانی بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کیلئے امدادی سرگرمیوں کا آغاز کردیا گیا ہےاوراس سلسلے میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پرآج غذائی اجناس اور دیگرامدادی اشیاء پرمشتمل ٹرک بلوچستان کے متاثرہ علاقے اوستہ محمد روانہ کردیا گیاہے۔یہ ٹرک متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستاراوررکن رابطہ کمیٹی شاہدلطیف نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کےصدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا کراچی سے روانہ کیا۔ایم کیوایم کی جانب سے بلوچستان روانہ کی جانے والی لاکھوں روپے مالیت کی امدادی اشیاء میں ضروری ادویات کے علاوہ بھاری مقدار میں چاول،گھی،آٹا،چینی،مختلف اقسام کی دالیں،دودھ کے پیکٹ،چائے کی پتی،بسکٹ،نمک،منرل واٹر کی بوتلیں،100 سے زائد واٹرکولر کےعلاوہ روزمرہ کےاستعمال کی اشیاء صابن،ٹوتھ پیسٹ،تولیہ اور دیگراشیاءشامل ہیں۔واضح رہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بارش سے متاثرین کیلئے اب تک امدادی اشیاء پرمشتمل کئی ٹرک روانہ کئے جاچکے ہیں اورامدادی اشیاء کی ترسیل کا یہ سلسلہ بدستور جاری ہے۔

☆☆☆☆☆